# حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَما حَمَلَ وَحْيَکَ وَبَلَّغَ رِسالاتِکَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَما أَحَلَّ
اے معبود! حضرت محمدؐ پر درود بھیج کہ انہوں نے تیری وحی کو سنبھالا اور تیرے پیغام پہنچائے حضرت محمدؐ پر درود بھیج
حَلالَکَ وَحَرَّمَ حَرامَکَ وَعَلَّمَ كِتابَکَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَما أَقامَ الصَّلاةَ وَآتَىٰ الزَّكاةَ
کہ انہوں نے تیرے حلال کو حلال اور حرام کو حرام بتایا اور تیری کتاب کی تعلیم دی خدایا محمدؐ پر درود بھیج کہ انہوں نے نماز قائم کی
وَدَعا إِلى دِينِکَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَما صَدَّقَ بِوَعْدِکَ وَأَشْفَقَ مِنْ وَعِيدِکَ وَصَلِّ عَلَى
اور زکوۃ دیتے رہے اور تیرے دین کی طرف دعوت دی حضرت محمدؐ پر درود بھیج کہانہوں نے تیرے وعدے کی تصدیق کی اور تیری
مُحَمَّدٍ كَما غَفَرْتَ بِهِ الذُّنُوبَ وَسَتَرْتَ بِهِ الْعُيُوبَ وَفَرَّجْتَ بِهِ الْكُرُوبَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ
دھمکی سے لوگوں کو ڈرایا خدایا محمدؐ پر درود بھیج کہ جنکے ذریعے تو نے لوگوں کے گناہ معاف کیے انکے عیبوں کو Ö یا اور انکے ذریعے
كَما دَفَعْتَ بِهِ الشَّقاءَ وَكَشَفْتَ بِهِ الْغَمَّاءَ وَأَجَبْتَ بِهِ الدُّعاءَ وَنَجَّيْتَ بِهِ مِنَ الْبَلاءِ وَصَلِّ عَلَى
لوگوں کی مشکلات دور کیں خدایا محمدؐ پر درود بھیج کہ تو نے انکے ذریعے بدبختی دور کی انکے ذریعے رنج دور کیے انکے ذریعے دعائیں قبول کیں اور
مُحَمَّدٍ كَما رَحِمْتَ بِهِ الْعِبادَ وَأَحْيَيْتَ بِهِ الْبِلادَ وَقَصَمْتَ بِهِ الْجَبابِرَةَ وَأَهْلَكْتَ بِهِ الْفَراعِنَةَ وَصَلِّ
انکے وسیلے مصیبتوں سے نجات دی خدایا محمدؐ پر درود بھیج کہ تو نے ان کے ذریعے بندوں پر رحم کیا اور شہروں کو ا باد کیا اور انکے ذریعے سرکشوں کی کمر توڑی اور
عَلَى مُحَمَّدٍ كَما أَضْعَفْتَ بِهِ الْأَمْوالَ وَأَحْرَزْتَ بِهِ مِنَ الْأَهْوالِ وَكَسَرْتَ بِهِ الْأَصْنامَ وَرَحِمْتَ
انکے ذریعے مغرور بادشاہوں کو قتل کیا خدایا محمدؐ پر درود نازل فرما تو نے انکے ذریعے اموال زیادہ کیے انکے ذریعے خوف وہراس سے محفوظ کیا انکے ہاتھوں
بِهِ الْأَنامَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ كَما بَعَثْتَهُ بِخَيْرِ الْأَدْيانِ وَأَعْزَزْتَ بِهِ الْإِيمانَ وَتَبَّرْتَ بِهِ الْأَوْثانَ
بتوں کو توڑا انکے وسیلے سے لوگوں پر رحم فرمایا خدایا محمدؐ پر درود بھیج کہ تو نے انکو بہترین دین کیساتھ بھیجا ان کے ذریعے ایمان کو قوت دی ان کے ہاتھوں بتوں کو
وَعَظَّمْتَ بِهِ الْبَيْتَ الْحَرامَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ الطَّاهِرِينَ الْأَخْيارِ وَسَلِّمْ تَسْلِيماً.
تباہ کیا اور ان کے ذریعے بیت الحرام کو بزرگی دی خدایا حضرت محمدؐ پر درود بھیج اور ان کے اہل بیتؑ پر جو پاک ہیں پسندشدہ اور سلام بھیج بہت بہت سلام۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com